بردل ریزد کا صحیح مصداق سلاست اور جامعیت میں اپنی مثال آپ ۔ خطباء مبلغین اور اصلاحی حلقوں میں یکساں مفید ہے ۔"

نام کتاب :- بکھرے موتی اردو ترجمہ :- نشرالمرجان من مشکلات القرآن
تالیف :- مولانا محمد افضل خان مترجم وشارح :- مولانا محمد فاروق حسن زئی
صفحات :- ۶۱۶ ناشر :- درخواستی کتب خانہ بالمقابل جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی نمبر ۵

قرآن کریم اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب پیغمبر خدا جناب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت کی صداقت پر برہان قاطع اور تاقیامت حضوراکرمؐ کا معجزہ خالدہ ہے ۔ اس لیے اس کتاب آخرین کی جتنی خدمت کی گئی ہے اتنی کسی اور کتاب کے حصہ میں نہیں آئی ۔ ہر زاویہ نگاہ سے اس تنزیل من رب العالمین کی تشریح کی گئی ۔ مگر جتنا وقت گزرتا جائیگا اتنا ہی اس کے مفاہم اور مطالب نکھرتے جائیں گے ۔ کیونکہ یہ ایک سیل معانی ہے ۔ اس کا ضبط کسی کے بس کی بات نہیں ۔ لیکن ہر ایک مفسر نے ایک خاص موضوع کو اپنایا ، اور گویا ایک جہت سے ۔بحسب طاقت بشریہ اس دریائے ناپیدا کنار میں غواصی کی ، اور گہرہائے تابناک وآبدر چن لئے ۔

زیر تبصرہ کتاب حضرت مولانا محمد افضل خان صاحب کے تفسیری نکات جوکہ پشتو زبان میں نشرالمرجان کے نام سے جمع کئے گئے ہیں ، اور گویا آپ کے سالہاسال کی محنت شاقہ کا خلاصہ ہے ۔ آپ نے انتہائی محنت اور عرقریزی کے ساتھ یہ تفسیری فوائد اور نکاب ولطائف مرتب کئے ۔ مزید برآں آپ نے اسی کتاب میں قرآن پاک کے مشکل مقامات اور آیتوں کی تمام توجہات مستند تفاسیر سے نقل کی ہیں ۔ اور شائقین علوم قرآنیہ کیلئے ایک خاص تحفہ اور ارمغان تیار کیا ہے ، تاکہ علوم قرآنیہ سے دلچسپی رکھنے والے حضرات درجنوں تفاسیر کی ورق گردانی سے بے نیاز ہوجائیں ۔ چونکہ اصل کتاب پشتو زبان میں ہے ۔ ضرورت اس بات کی تھی کہ اس کا افادہ عام ہوجائے ۔ چنانچہ اس ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے آپ کے تلامذہ نے اس کو اردو کے قالب میں ڈھالنے کا اہتمام کیا ۔ اور یوں نشرالمرجان کا ترجمہ وتشریح بکھرے موتی کے نام سے شائع کیا گیا ۔ کتاب صوری اور معنوی دونوں لحاظ سے انتہائی مفید ہے ۔

نام کتاب :- علاج قرآنی تالیف الشیخ سعید بن علی القحطانی
ترجمہ واضافہ :- لضیب الرحمن علوی ۔ صفحات :- ۱۵۰ قیمت :- ۵۰ روپے
ناشر :- درخواستی کتب خانہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی نمبر ۵